نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کا ملتان کا دورہ

کپاس کی موجودہ صورتحال بارے ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ملتان میں منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کی اور ایگری مال کے آپریشنز کا جائزہ لیا

لاہور:**23اگست2025**: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ کپاس کی بحالی قومی فریضہ ہے۔امسال 32 لاکھ ایکڑ رقبہ کپاس کے زیرِ کاشت لایا گیا ہے۔55 لاکھ روئی کی گانٹھوں کے ہدف کے حصول کے لیے فیلڈ سرگرمیوں میں مزید تیزی لائی جائے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ملتان کے دورہ کے موقع پر محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی میں کپاس کی موجودہ صورتحال بارے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ دورے کا مقصد کپاس کی موجودہ صورتحال اور ماڈل ایگری مال کے آپریشن کے انتظامات کا جائزہ لینا تھا۔ اجلاس میں سپیشل سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب سرفراز حسین مگسی، وائس چانسلر ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ملتان پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار علی، چیئرمین نیشنل سیڈ ریگولیٹری اتھارٹی ڈاکٹر آصف علی، ایڈیشنل سیکرٹری ٹاسک فورس پنجاب شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرلز محکمہ زراعت پنجاب چوہدری عبدالحمید،نوید عصمت کاہلوں، ڈاکٹر عامر رسول، ڈاکٹر ساجد الرحمان، ڈاکٹر عبدالقیوم،کنسلٹنٹ محکمہ زراعت ڈاکٹر محمد انجم علی، چیف ایگزیکٹیو پارب ڈاکٹر عابد محمود، ڈاکٹر محمد اقبال بندیشہ،کاٹن گروور سید حسن رضا، خالد محمود کھوکھر، ڈاکٹر خالد حمید، چیف انجینئر ز محکمہ انہار سمیت محکمہ زراعت توسیع و پیسٹ وارننگ کے متعلقہ افسران نے شرکت کی۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ کراپ رپورٹنگ سروس کی رپورٹس کے مطابق اب تک 9 لاکھ سے زائد گانٹھوں کے برابر پھٹی کی چنائی مکمل ہوچکی ہے۔کاٹن انسپکٹرز کو ہدایت کی گئی کہ وہ جننگ فیکٹریوں میں پھٹی کی آمد اور روئی کا درست ریکارڈ مرتب کریں۔فیلڈ رپورٹس کے مطابق کپاس کی حالت تسلی بخش ہے اور کیڑوں و بیماریوں کے حملوں کی خطرناک صورتحال کسی علاقے سے رپورٹ نہیں ہوئی۔انہوں نے مزید کہا کہ کپاس کی آئندہ کاشت کے لیے اچھی کارکردگی کی حامل اقسام کی سروے رپورٹ تیار کی جائے۔علاوہ ازیں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نےملتان میں قائم ماڈل ایگریکلچر مال کا دورہ کیا اور آپریشنل انتظامات کا جائزہ لیا۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ کمپنی انتظامیہ کے مطابق چاروں ماڈل ایگری مالز ستمبر کے آخر تک مکمل طور پر آپریشنل ہو جائیں گے۔

☆☆☆☆